1989ء سے مسلسل اشاعت | 4 فروری تا 10 فروری 2022 | شمارہ نمبر 6 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Genuine Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper<br>Bulleh Shah ( Packages )<br>Crown ( Fazal Paper )<br>Chenab ( A.K Ind. ) | Offset Paper<br>Bleached Board<br>Art Card |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010 | Brands of the year Award 2010 | Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp — بزنس مین پینل





BMG — بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 12 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا — چیئرمین

خامس سعید بٹ — گروپ لیڈر

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli paper producs

IBM™ PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

indah kiat
pulp & paper Products

# WELCOME TO
## OUR WORLD OF COLOURS

IK GOLD, X-BRITE
IK COPY PAPER

SINAR SPECTRA
premium colour paper

spectra color
premium color paper

### PHOTOCOPIER PAPER

SPECTRA COLOR, SINAR SPECTRA,
PAPERLINE, BLC, PPC BROWN, PPC BLUE,
PPC ORANGE, PAPERLINE 2000

### CAST COATED BOARDS

| | |
|---|---|
| SINAR ROYAL | C2S GRAPHIC BOARD |
| SINAR VANDA | C1S WHITE BACk HIGH-BLUK |
| SINAR PLEX | C1S DUPLEX BOARD GREY BLACK / E-PLEX BOARD |
| SINAR FOLD | C1S WHITE BACK |
| SINAR CARD | C1S DUPLEX BOARD WHITE BACK |

### QURAN PAPER

PREMIUM QUALITY HIGH SMOOTHNESS
COLOR PAPER
Sinar Tech

### SINAR SPECTRA COLOR CUBE

### FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital,
Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award — IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا
کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 010256027140112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

قیمت: 70 روپے

# کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے فیصلوں پر عدم عملدرآمد پر کلکٹر اور ایڈیشنل کلکٹر کو شوکاز جاری

## اے ڈی سی کو پبلک نوٹس جاری کرنے پر جبکہ کلکٹر کسٹم کو فیصلوں پر عملدرآمد نہ کرنے پر توہین عدالت کی کارروائیوں کا آغاز

کراچی (پیپر بزنس خصوصی رپورٹ) کسٹم اپیلٹ بنچ I نے فیاض رسول میکن کلکٹر کسٹم اور محمد داؤد پیرزادہ ایڈیشنل کلکٹر کسٹم۔ ایم سی سی اینڈ ایف (ایسٹ) کسٹم ہاؤس کراچی کو سلمان پیپر پروڈکٹ کی اپیل پر ٹریبونل کے بنچ ون کے اپیل نمبر K-7418/2021 کے فیصلہ پر عملدرآمد نہ کرنے پر توہین عدالت آرڈیننس 2003 کی دفعہ 17 کے تحت شوکاز نوٹسز جاری کر دیئے ہیں۔ یہ شوکاز نوٹسز ڈبل بنچ I کے حکم مورخہ 26 جنوری 2022ء پر جاری کئے گئے ہیں کسٹم اپیلٹ ٹریبونل نے دونوں افسران کو علیحدہ علیحدہ خط نمبر CAT/KB-I/2021-22/536&537 مورخہ 26 جنوری 2022ء ارسال کر دیئے ہیں اور ان سے تین فروری تک جواب طلب کرتے ہوئے ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ واضح رہے کہ کلکٹر نے بنچ I اور بعدازاں ڈبل بنچ کے فیصلوں پر عملدرآمد نہیں کیا تھا جبکہ ایڈیشنل کلکٹر نے بنچ I کے فیصلے کے برخلاف ایچ ایس کوڈ ہیڈنگ 4810-1910 اور 4810.1990 برائے کوٹڈ رائٹنگ پرنٹنگ پیپر کی تشریح پبلک نوٹس 2021/01 میں کی تھی۔ محکمہ کی کسی بھی انتظامی کمیٹی کو عدالتی تشریح کے بعد ان کا اختیار نہیں تھا جبکہ کلکٹر کو کسی بھی اعلیٰ عدالت کی جانب سے ٹریبونل کے فیصلوں پر عملدرآمد کو نہ روکے جانے کے باوجود اور ان کی ہدایت پر پبلک نوٹس 01/2021 جاری کرنے، توہین عدالت کی کارروائی کا آغاز کیا گیا ہے۔ تین فروری کو ان دونوں افسران پر فرد جرم عائد کی جائے گی۔

# کلکٹر اور ایڈیشنل کلکٹر کی توہین عدالت سے بچنے کی ایک اور کوشش ناکام

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل بنچ I کی جانب سے توہین عدالت کی کارروائی کے سلسلے میں جاری کئے گئے شوکاز کے خلاف کلکٹر کسٹم اور ایڈیشنل کلکٹر نے سندھ ہائی کورٹ میں یکم فروری 2022 کو ایک بار پھر رجوع کیا اور استدعا کی کہ اپیلٹ ٹریبونل کی توہین عدالت کی کارروائی کو روکا جائے جبکہ ریفرنس سندھ ہائی کورٹ میں داخل ہو چکا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ ابھی تک اس سلسلے میں کوئی حکم امتناعی جاری نہیں ہوا ہے لہٰذا ٹریبونل کی کارروائی میں مداخلت نہیں کی جا سکتی ہے۔ پہلے ٹریبونل کے فیصلوں پر عملدرآمد کریں پھر یہاں آئیں۔ معلوم ہوا ہے کہ 26 جنوری سے قبل بھی یہ افسران ایسی کوشش کر چکے ہیں تاہم عدالت نے انہیں حکم امتناعی نہیں دیا تھا اور 26 جنوری کو ان افسران کو شوکاز نوٹسز جاری کر دیئے گئے تھے۔ جس کی کارروائی تین فروری کو شروع ہو ہوگی اور ان پر فرد جرم عائد کی جائے گی۔

# کسٹم افسران کو توہین عدالت کا شوکاز کیوں جاری ہوا؟

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کسٹم اپیلٹ ٹریبونل بنچ I نے کلکٹر اور ایڈیشنل کلکٹر کو توہین عدالت کے نوٹسز کیوں جاری کئے۔ اس سلسلے میں معلوم ہوا ہے کہ کسٹم کے اس وقت کے سیکریٹری (لیگل) ایف بی آر نے وزارت قانون سے کسٹم اپیلٹ ٹریبونل کے فیصلے پر عملدرآمد سے متعلق استفسار کیا تھا جن کا جواب وزارت قانون حکومت پاکستان کے اسسٹنٹ سالیسیٹر نے 3 ستمبر 2019 کو خط نمبر F.(057)/2019/Sol.II کے ذریعے بھیجا تھا جس میں واضح طور پر تحریر ہے کہ جب تک ٹریبونل سے بڑی کسی بھی عدالت کا کوئی حکم امتناع یا حکم پر عملدرآمد سے روک نہ دیا جائے اس وقت تک محکمہ اس کے فیصلوں اس کی اصل روح کے مطابق عملدرآمد کا پابند ہے۔ اس خط میں واضح کر دیا گیا تھا کہ کسٹم اپیلٹ ٹریبونل قانون فوج داری و قانون سول کے تحت کسٹم اپیلٹ ٹریبونل عدالتی اختیارات کا حامل ہے اور وہ توہین عدالت قانون کے تحت کارروائی کا بھی اختیار رکھتا ہے اس سلسلے میں ضروری سمن اور وارنٹ بھی جاری کر سکتا ہے۔ وزارت قانون کی واضح ہدایات کا علم ہونے کے باوجود کسٹم افسران نے اس سے روگردانی کی اور انہیں شاید ٹریبونل کی تاریخ میں پہلی مرتبہ توہین عدالت پر شوکاز نوٹس جاری ہوا ہے۔ یہ نوٹس سلمان پیپر پروڈکٹ کی اپیل منظور ہونے پر دیئے گئے فیصلے پر عملدرآمد نہ کرنے پر جاری ہوا ہے

# تمام ایئرپورٹ پر آٹو میٹک کرنسی ڈیکلریشن سسٹم نصب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے منگل یکم فروری کو "آٹو میٹک کرنسی ڈیکلریشن سسٹم" (اے سی ڈی سی) لانچ کر دیا ہے جس سے بیرون ملک سے آنے اور جانے والے مسافروں کو سہولت حاصل ہو سکے گی۔ نیا سسٹم نادرا اور ایف آئی اے کی مدد سے تیار کیا گیا ہے اور تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر موجود ہوگا۔ وزیر خزانہ شوکت ترین نے ایف بی آر ہیڈ کوارٹر میں اس نظام کا افتتاح کر دیا اس موقع پر چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر اشفاق احمد، چیئرمین نادرا طارق ملک اور ڈی جی ایف آئی اے ثناء اللہ عباسی بھی موجود تھے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ڈپلیکس بورڈ گرے بیک پر عائد اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی کی مدت مئی میں ختم ہوگی

## دوبارہ عائد کرانے کے لیے مقامی مینوفیکچررز کو 12 مئی سے قبل جائزہ کے لیے درخواست دائر کرنے کے نوٹس کا اجرا

اسلام آباد (پیپر بزنس نیوز) نیشنل ٹیرف کمیشن اسلام آباد نے 31 جنوری 2022 کو نوٹس نمبر A D C No.43/2016/NTC/CDB/IE جاری کیا ہے جس میں مطلع کیا گیا ہے کہ 12 مئی 2017 کو ون سائڈ کوٹڈ ڈپلیکس بورڈ گرے بیک جو کہ چین انڈونیشیا اور کوریا سے درآمد ہورہا تھا اس پر 14.98 فیصد تا 18.57 فیصد کے حساب سے سی اینڈ ایف ویلیو پر اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹی عائد کی گئی تھی اس کی مدت 12 مئی 2022 کو ختم ہورہی ہے۔ مقامی مینوفیکچررز اس سلسلے میں اس ڈیوٹی کے جائزے کے لیے قانون کے تحت 12 مئی 2022 سے قبل درخواست دائر کرسکتے ہیں تاکہ اس کے ختم ہونے سے پہلے وصول ہوجائے۔ یہ درخواست 15 مارچ 2022 سے قبل داخل کرنا لازمی ہے کیونکہ نوٹس میں اس کے داخلے کے لیے مدت 45 دن مقرر کی گئی ہے۔ واضح رہے کہ اس ڈیوٹی پر اب تک عملدرآمد نہیں ہوسکا ہے اور گزشتہ پانچ سالوں سے عدالتوں میں مقدمات زیرسماعت ہیں جس پر عدالتوں نے حکم امتناعی جاری کررکھا ہے۔

# کاغذ پر 17 فیصد سیلز ٹیکس قبول نہیں، فیصلہ واپس لیا جائے، پبلشرز ایسوسی ایشن

## مقامی پیپر ملز نے پہلے ہی کارٹلز بنا کر کاغذ کے ریٹ آسمان تک پہنچا دیئے، نئے ٹیکسوں سے کاپیاں، کتابیں مہنگی ہونگی

## حکومت قیمتوں میں کمی لائے تاکہ کاروبار چلیں، شہریوں کو ریلیف مل سکے، احمد عثمان، حسن رضا، خامس بٹ، ملک شکیل



لاہور (پیپر بزنس نیوز) کاغذ کتابوں اور کاپیوں پر منی بجٹ میں 17 فیصد سیلز ٹیکس آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور پبلشرز ایسوسی ایشن نے مسترد کرتے ہوئے فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کیا ہے، گفتگو کرتے ہوئے پبلشرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین احمد عثمان شاہ، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون کے صدر حسن رضا شیخ، سرپرست اور ممتاز تاجر رہنما خامس بٹ اور پیپر امپورٹر ملک شکیل نے حکومت کے اس اقدام کو تعلیم دشمنی قرار دیا، گنپت روڈ پیپر مارکیٹ کے حسن رضا شیخ خامس بٹ اور ملک شکیل نے کہا کہ پہلے ہی مینوفکچرر اور امپورٹ پر 17 فیصد ٹیکس ہے اب اگر رٹیل پر 17 فیصد مزید ٹیکس لگا دیا گیا ہے جس سے نہ صرف کاغذ مزید مہنگا ہو جائے گا بلکہ درسی کتب کاپیاں بھی مہنگی ہو جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ کاغذ کی قیمت پہلے ہی بہت زیادہ ہے مزید ٹیکس سے اور زیادہ ہوجائے گی لہذا یہ سراسر ظلم ہے ایسے فوری طور پر ختم کیا جائے مقامی سطح پر تیار ہونے والے کاغذ میں توڑی اور بھوسا استعمال ہوتا ہے اس کے باوجود مقامی سطح پر تیار ہونے والا کاغذ من مانے داموں میں مارکیٹ میں سپلائی کیا جا رہا ہے۔ مقامی کاغذ کے صنعت کاروں نے اجارہ داری قائم کر کے لوٹ مار شروع کی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی ضرورت پوری کرنے کے لیے آرٹ پیپر، پلپچ پیپر آفسیٹ پیپر اور سگریٹ پیپر امپورٹ کیا جاتا ہے اس لیے مقامی کاغذ انڈسٹری کو چاہیے کہ وہ عوام پر رحم کرتے ہوئے قیمتوں میں کمی لائے تاکہ ہمارے کاروبار بھی چلیں اور عوام کو ریلیف مل سکے۔ پبلشرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین احمد عثمان شاہ نے کہا کہ منی بجٹ میں کتاب اور کاپی پر 17 فیصد جی ایس ٹی لگانے کا حکومتی اقدام سختی سے مسترد کرتے ہیں۔ مقامی پیپر ملوں نے پہلے ہی کارٹلز بنا کر کاغذ کے ریٹ آسمان تک پہنچا دیے ہیں اس پر یہ نیا ٹیکس کتاب و کاپی کے تاجروں کے معاشی قتل کے مترادف ہے۔ اس ٹیکس سے تعلیمی ترقی کے عمل کو بھی دھچکا لگے گا اور غریبوں کے لیے اپنے بچوں کو تعلیم دلانا ایک خواب بن کر رہ جائے گا، حکومت فوراً کتاب و کاپی پر جی ایس ٹی کو واپس لے اور دوسری صورت میں تاجر درسی کتب کے اشاعتی بائیکاٹ سمیت سارے آپشن استعمال کرسکتے ہیں۔


توجہ فرمائیے

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور اشتہارات کی بکنگ کیلئے ابھی رابطہ کریں۔

0308-2933229


## سید لیاقت علی کراچی چیمبر کی تین کمیٹیوں کے رکن نامزد

کراچی (پیپر بزنس نیوز) صدر کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری محمد ادریس نے سینئر پیپر مرچنٹ اور آل پاکستان اسمال ٹریڈرز کے سینئر نائب صدر سید لیاقت علی کو کراچی چیمبر کی تین اسٹینڈنگ کمیٹیوں ۱۔امن و امان، ۲۔صحت و تعلیم اور ۳۔مواصلات کا رکن نامزد کیا ہے۔ صدر نے اپنے خط میں امید ظاہر کی ہے کہ وہ اپنے تجربہ وصلاحیت سے متعلقہ کمیٹیوں میں موثر اور باعمل تجاویز پیش کریں گے تاکہ اس سے معاشرے اور تجارتی وصنعتی سرگرمیوں میں بہتری لائی جاسکے۔

## شیخ سمیع اللہ کی اہلیہ انتقال کرگئیں

لاہور (پیپر بزنس نیوز) حدیبیہ پیپر مارٹ کے شیخ سمیع اللہ کی زوجہ، محمد فاروق اور محمد عمر کی والدہ گزشتہ دنوں انتقال کرگئیں۔

## زبیر سعید انتقال کرگئے

لاہور (نمائندہ خصوصی) زبیر سعید، صدر پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن لاہور زون، 28 جنوری 2022 کو رضائے الٰہی سے انتقال کرگئے۔

# اکتوبر۔دسمبر 2021: ایکنا اسٹیکر میں 350 روپے اور لیبل ٹیک میں 190 روپے کا اضافہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2021 کی دوسری سہ ماہی میں اسٹیکر کی قیمتوں میں 100 روپے تا 250 روپے فی پیکٹ کمی ہوئی تھی۔ لیکن تیسری سہ ماہی میں دوبارہ اسٹیکر میں تیزی دیکھی گئی اور اس مدّت میں ایکنا انڈونیشیا میں 300 روپے فی پیکٹ، گولڈ ٹیک چائنا میں 350 روپے فی پیکٹ اور نیکسز پرو چائنا میں 325 روپے فی پیکٹ کا اضافہ ہوا۔ او جے آئی تھائی لینڈ میں 300 روپے فی پیکٹ کا اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر برانڈ کے اسٹیکر میں وائی ایم سی 250 روپے، لنٹیک 100 روپے، جی ایس ایف 275 روپے، ایڈسٹر 100 روپے، لیبل ٹیک 225 روپے، ویریٹیک 100 روپے اور یونگی میں 75 روپے فی پیکٹ کا اضافہ ہوا تھا۔ اب چوتھی سہ ماہی اکتوبر۔دسمبر 2022 میں بھی اس کی قیمتوں میں تیزی رہی۔ ویری ٹیک 300 روپے اضافے کے بعد 3700 روپے تک پہنچ گیا جبکہ ایکنا کی قیمت 350 روپے فی پیکٹ اضافے کے بعد 2900 روپے تک پہنچ گئی۔ دیگر اسٹیکر میں گولڈ ٹیک میں 200 روپے، ایڈیسٹر میں 350 روپے، جی ایس ایف میں 200 روپے، پاور ٹیک میں 155 روپے، نیکسس پرو میں 225 روپے اور لیبل ٹیک میں 190 روپے فی پیکٹ کا اضافہ ہوا۔ ذیل میں اسٹیکر کے مختلف اقسام کی اکتوبر۔دسمبر 2021 کے دوران شائع ہونے والی قیمتوں کا تقابلی جائزہ پیش کیا جارہا ہے۔

## Prices Trend in OCT - DEC 2021 (Per Packet Rates)

## Imported **STICKER PAPER Indonesia, China and Europe**

| **Veritec Indonesia** | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | **1-Oct** | **8** | **15** | **22** | **29** | **5** | **12** | **19** | **26** | **3** | **10** | **17** | **24** | |
| 20 x 30 Ultra | 3400 | 3500 | 3600 | 3550 | 3500 | 3650 | 3700 | 3700 | 3700 | 3650 | 3650 | 3700 | 3700 | **( + 300 )** |

| **Gold Tech China** | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | **1-Oct** | **8** | **15** | **22** | **29** | **5** | **12** | **19** | **26** | **3** | **10** | **17** | **24** | |
| 20 x 30 | 2550 | 2600 | 2625 | 2625 | 2650 | 2650 | NA | 2750 | 2750 | 2750 | 2750 | 2750 | 2750 | **( + 200 )** |

| **AQNA Indonesia** | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | **1-Oct** | **8** | **15** | **22** | **29** | **5** | **12** | **19** | **26** | **3** | **10** | **17** | **24** | |
| 20 x 30 | 2550 | 2550 | 2550 | 2600 | 2800 | 2900 | 2950 | 2950 | 2950 | 2900 | 2900 | 2900 | 2900 | **( + 350 )** |

| **Adestor Europe** | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | **1-Oct** | **8** | **15** | **22** | **29** | **5** | **12** | **19** | **26** | **3** | **10** | **17** | **24** | |
| 20 x 30 | 4350 | 4350 | 4350 | 4350 | 4700 | 4700 | 4700 | 4700 | 4700 | 4700 | 4700 | 4700 | 4700 | **( + 350 )** |

| **Golden Tac G S F** | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | **1-Oct** | **8** | **15** | **22** | **29** | **5** | **12** | **19** | **26** | **3** | **10** | **17** | **24** | |
| 20 x 30 | 2550 | 2600 | 2625 | 2625 | 2675 | 2600 | 2675 | 2725 | 2700 | 2750 | 2775 | 2775 | 2750 | **( + 200 )** |

| **Power Tec China** | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | **1-Oct** | **8** | **15** | **22** | **29** | **5** | **12** | **19** | **26** | **3** | **10** | **17** | **24** | |
| 20 x 30 | ---- | ---- | ---- | 2565 | 2625 | 2625 | 2625 | 2675 | 2650 | 2650 | 2700 | 2700 | 2720 | **( + 155 )** |

| **Nexes Pro China** | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | **1-Oct** | **8** | **15** | **22** | **29** | **5** | **12** | **19** | **26** | **3** | **10** | **17** | **24** | |
| 20 x 30 | 2525 | 2600 | 2625 | 2625 | 2650 | 2650 | 2650 | 2725 | 2700 | 2700 | 2775 | 2775 | 2750 | **( + 225 )** |

| **Label Tac China** | OCT-2021 | | | | | NOV-2021 | | | | DEC-2021 | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | **1-Oct** | **8** | **15** | **22** | **29** | **5** | **12** | **19** | **26** | **3** | **10** | **17** | **24** | |
| 20 x 30 | 2550 | 2600 | 2625 | 2625 | 2675 | 2675 | 2675 | 2725 | 2700 | 2700 | 2775 | 2740 | 2740 | **( + 190 )** |



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# ANM

# A N M TRADING CO

## Importer : Paper & Paper Board

## Deals in:

**OFFSET PRINTING**
**PAPER I.P.M BRAND**

Folio Sheets, Rolls & A-4,( U.A.E Origin)

**COATED ART PAPER & ART CARD**

1st Floor Bikiya Manzil Faiz Muhammad Fateh Ali Road Karachi-Pakistan
Phone: 021-32628604-32628495 / 0300-2127195 Email: sameed01@hotmail.com






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP
USE OUR PAPER, WE PLANT MORE TREES.

Our Quest Superiority has Made us
Professional CAUSE WE ARE PAPERLINE
LINE OF PROFESSSIONALISM

# IK Signature




**Premium Performance Paper.**

Engineered from the best pulp selection with high thickness & stiffness, whiteness, high smoothness, and brightness, IK Signature is a developed masterpiece for all your printing purposes.

With new TRUTONE Technology, IK Signature is the ultimate choice for its high performance and print quality, to make the best of your professional portfolios.

HIGH THICKNESS & STIFFNESS
premium feel for important documents

HIGH SMOOTHNESS
for truly jam-free performance

A4
21x29.7 cm
500 SHEETS
80
GSM

TRUTONE
TECHNOLOGY

پاکستان میں دستیاب
تمام برانڈز میں نمبر 1

IBM™

ISO 9001: 2015 Certified Quality Management System

**International Business Management**

First ISO 9001:2015 Certified Paper Indenting Company in Pakistan
First Floor,Darul Hina Building Tayabjee Road ,
Near Burhani Hospital, Karachi -74000,UAN: 111-IBM-PAK
Ph # 92-21-32627061-63,Fax # 92-21-32629786
E-mail: saleemibn@cyber.net.pk I website : www.ibmpakistan.com

Winner of BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011 - 2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
## Brands

## Products of PINDO DELI



## ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management

ISO 9001:2015 CERTIFIED

**HEAD OFFICE:** First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010-11

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# سیلز ٹیکس ریٹرن پر آئیڈیا سافٹ ویئر جولائی میں متعارف ہو جائے گا، چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو

کراچی (بزنس ڈیسک) چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو (آئی آر) کارپوریٹ ٹیکس آفس (سی ٹی او) ڈاکٹر آفتاب امام نے آگاہ کیا ہے کہ ٹیکس دہندگان کی جانب سے ہر ماہ بھاری تعداد میں جمع کرائے جانے والے سیلز ٹیکس ریٹرن پر تیزی سے کارروائی کرنے کے لیے ان لینڈ ریونیو ڈیپارٹمنٹ میں ایک جدید ترین آئیڈیا سافٹ ویئر متعارف کرایا گیا ہے جہاں پر آزمائشی کام با آسانی جاری ہے۔اس لیے توقع ہے کہ یہ سافٹ ویئر جولائی 2022 میں مکمل طور پر متعارف ہو جائے گا۔ یہ بات انہوں نے کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (کے سی سی آئی) کے دورے کے دوران اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ چیف کمشنر نے کے سی سی آئی کے وفد کو آئیڈیا سافٹ ویئر کی کارکردگی دیکھنے کے لیے آئی آر ڈیپارٹمنٹ کا دورہ کرنے کی دعوت دی جس سے چیزیں آسان ہو گئی ہیں اور ٹیکس دہندگان کو سیلز ٹیکس ریفنڈ جمع کرانے میں درپیش مسائل سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ اجلاس میں چیئرمین بزنس مین گروپ زبیر موتی والا نے بذریعہ زوم اجلاس میں شرکت کی جنرل سیکریٹری بی ایم جی اے کیو خلیل، صدر کے سی سی آئی محمد ادریس، سینئر نائب صدر عبدالرحمان نقی، نائب صدر قاضی زاہد حسین، چیئرمین اسپیشل کمیٹی برائے اسمال ٹریڈرز مجید میمن، چیئرمین جی ایس ٹی/ایس آر بی سب کمیٹی شعیب احمد فریدی، مینیجنگ کمیٹی اراکین اور تاجر برادری کے نمائندوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ چیف کمشنر نے مزید کہا کہ اگرچہ پوائنٹ آف سیلز (پی او ایس) مشینوں کی تنصیب فی الحال ٹائرون کے تحت آنے والی بڑی دکانوں پر لازمی قرار دی گئی ہے لیکن بالآخر ہر دکاندار کو اپنے احاطے میں پی او ایس مشینیں لگوانی ہوں گی جو اس بات کو یقینی بنانے کا واحد طریقہ ہے کہ سیلز سے حاصل ہونے والے تمام ٹیکس براہ راست قومی خزانے میں جمع کیے جا سکیں۔ سابق صدر کے سی سی آئی زبیر موتی والا نے نشاندہی کی کہ آئی آر ڈیپارٹمنٹ کے متعدد دفاتر میں نوٹسز کے اجراء سے متعلق بہت سے معاملات زیر التوا ہیں جن کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ضرورت ہے۔ ٹیکس دہندگان کو بغیر کسی جواز بڑی تعداد میں ود ہولڈنگ ٹیکس نوٹسز اور آڈٹ نوٹسز جاری کیے جا رہے ہیں جو کہ حکومت کی کاروبار میں آسانی پیدا کرنے کی پالیسی میں رکاوٹ پیدا کرنے والا ایک بہت سنگین مسئلہ ہے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ ٹیکس دہندگان سے مکمل ڈیٹا اور دستاویزات طلب کرنے کے بجائے ایف بی آر کو پورے نظام میں خلل ڈالے بغیر صرف کسی بھی مشکوک، گمشدہ لین دین کے بارے میں معلومات اکٹھی کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ ٹیکس دہندگان باقاعدگی سے ماہانہ بنیادوں پر تمام دستاویزات جمع کروا رہے ہیں لیکن ایف بی آر حکام پہلے سے جمع کرائے گئے دستاویزات کو خاطر میں لائے بغیر وہی دستاویزات دوبارہ مانگتے ہیں اور ایسا کرنے میں کوئی ناکامی یا تاخیر ٹیکس دہندگان کے لیے بہت سے مسائل پیدا کرتی ہے جو خود کو ہراساں کیے جانے کے جال میں پھنسا ہوا پاتے ہیں۔ اس قسم کے مسائل سے نمٹنے کے لیے ضروری ہے کہ بین الاقوامی معیار کے مطابق جدید ترین اور مکمل طور پر بے عیب آئی ٹی سالوشنز کو اپنایا جائے جو انسانی مداخلت کو کم کرے گا اور ہراساں کرنے کے واقعات کو کم کرنے میں بھی مددگار رہوں۔ کے سی سی آئی کے صدر محمد ادریس نے تجویز دی کہ ایف بی آر کو دوسرے شہروں پر بھی توجہ دینی چاہیے کیونکہ ایسا لگتا ہے کہ موجودہ پالیسیوں کا نفاذ صرف کراچی میں ہو رہا ہے جو بے حد مشکلات اور چیلنجز کے باوجود اب بھی قومی خزانے میں 65 فیصد سے زیادہ ریونیو کا حصہ ڈال رہا ہے۔ اس شہر کی تاجر برادری کو نوٹسز کا سامنا ہے اور ہراساں کیا جا رہا ہے۔ کراچی کی تاجر برادری کو نچوڑنے کی بجائے یکساں پالیسیاں وضع کر کے پورے ملک میں موثر طریقے سے نافذ کرنا ہوں گی۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ ٹیکس جمع کرنے والی اتھارٹی کو مارکیٹ پر مبنی آگاہی سیشن شروع کرنے چاہیے اس ضمن میں کے سی سی آئی ہر ممکن سہولت فراہم کرے گا۔

## مال چائنا کا انوائس دبئی سے۔دال میں کچھ کالا ہے، وزیر خزانہ

وزیر خزانہ شوکت ترین نے کہا ہے کہ ہمارے لوگ ٹیکس نہیں دیتے اب ہم لوگوں کے پاس پہنچ رہے ہیں۔ آٹومیشن آف کرنسی ڈیکلئریشن سسٹم کی افتتاحی تقریب سے وزیر خزانہ شوکت ترین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ ایف بی آر کو مکمل آٹومیٹڈ کیا جائے، ٹیکسیشن اور فارن ایکسچینج پاکستان کیلئے انتہائی اہم جزو ہے۔ وزیر خزانہ شوکت ترین کا کہنا تھا کہ فارن ایکسچینج کو بیرون ملک لے کر جانا اور لے کر آنا سے متعلق دستاویزی نہیں۔ انکا کہنا تھا کہ انڈر انوائسنگ کے باعث ریونیو محصولات میں نقصان ہو رہا ہے، کسٹم میں بھی سنگل ونڈو سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے، سامان چائنا سے آ رہا اور انوائسنگ دبئی سے ہو رہی ہے، دال میں کچھ کالا ہے کہ سامان چائنا سے آتا اور انوائسنگ دبئی میں ہو رہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ لوگوں نے دبئی میں کمپنیاں کھولی ہوئی ہیں جہاں سے انڈر انوائسنگ ہو رہی ہے۔

## پہلی ششماہی میں معاشی ترقی کی رفتار 5 فیصد تک پہنچ گئی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) موجودہ مالی سال کی پہلی ششماہی میں معاشی ترقی کی رفتار 5 فیصد تک پہنچ گئی جبکہ اگلے چند ماہ مہنگائی ڈبل ڈیجیٹ میں برقرار رہے گی۔ وزارت خزانہ نے ماہانہ اکنامک اپ ڈیٹ اینڈ آؤٹ لک رپورٹ جاری کر دی جس میں اومی کرون کی نئی لہر اور بیرونی مالی دباؤ کو ملکی معیشت کے لیے بڑا خطرہ قرار دیا۔ رپورٹ کے مطابق مالی سال 2021-22 کی پہلی ششماہی میں معاشی شرح نمو 4.8 فیصد کے سالانہ ہدف کے مقابلے میں اوسطاً 5 فیصد ریکارڈ کی گئی۔ بتدریج معاشی بحالی کے باوجود معیشت کو اومی کرون وائرس کی نئی لہر میں تیزی، بڑھتی مہنگائی اور بیرونی مالی دباؤ جیسے بڑے چیلنجز کا سامنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق دسمبر میں مہنگائی کی سالانہ شرح 12.3 فیصد رہی اور آنے والوں مہینوں میں بھی یہ ڈبل ڈیجیٹ میں رہنے کا خدشہ ہے، وجہ عالمی سطح کموڈیٹی پرائسز میں اضافہ ہے جس کا زور کچھ عرصے بعد ٹوٹنے کی آس ہے۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ ایک سال میں ڈالر 17 روپے 74 پیسے مہنگا ہوا، ڈالر ریٹ 160.75 روپے سے بڑھ کر 176.49 روپے ریکارڈ کیا گیا۔ چھ ماہ میں ترسیلات زر میں 11.3 فیصد اضافہ ہوا، حجم 15.8 ارب ڈالر تک پہنچ گیا۔

## اسٹیک ہولڈرز سے موثر رابطوں کیلئے فوکل پرسنز مقرر کیے جائیں انجمن تاجران

لاہور (نیوز ڈیسک) آل پاکستان انجمن تاجران نے کہا ہے کہ حکومت معیشت میں کردار ادا کرنے والے تمام اسٹیک ہولڈرز خصوصاً تمام ایسوسی ایشنز کے نمائندوں سے موثر رابطوں کے لئے بااختیار فوکل پرسنز مقرر کرے، کاروبار کرنے والا ہر شخص معیشت کی ترقی چاہتا ہے اور اس کیلئے ہر ممکن کردار بھی ادا کیا جا رہا ہے لیکن ہیجان کی فضا بدستور برقرار ہے جسے ختم کرنے کے لئے حکومت تمام اسٹیک ہولڈرز سے ملاقاتوں اور رابطوں کا سلسلہ بڑھائے تاکہ حالات سے آگاہی حاصل ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں مختلف مارکیٹوں کے عہدیداروں سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مرکزی صدر اشرف بھٹی، سیکرٹری جنرل محبوب سرکی، لاہور کے صدر میاں طارق فیروز، سینئر نائب صدر میاں سلیم، جنرل سیکرٹری نعیم بادشاہ، چیئرمین انجمن تاجران لاہور حافظ عطا اللہ اور وائس چیئرمین ملک ناظم نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ معیشت کی ترقی کے لئے روایتی طریقوں کی بجائے مرحلہ وار جدت کی طرف بڑھا جائے، ٹیکسیشن کے نظام کو آٹومیشن پر لایا جائے جبکہ نئی انڈسٹری اور کاروبار میں درجنوں محکموں کے کردار کو محدود کر کے اسے ون ونڈو کی طرز پر شروع کیا جائے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# درآمدی ومقامی آفسیٹ پیپر، ڈپلیکس بورڈ، بریف کارڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ، اسٹیکر میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی تیزی کا رجحان دیکھا گیا اور 2 فروری 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ میں 5 روپے فی کلو، کلاسک میں 4 روپے فی کلو، انرجی میں 8 تا 10 روپے فی کلو، بریف کارڈ انڈونیشیا میں 20 تا25 روپے فی کلو، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے میں 5 روپے فی کلو، ریل کٹ میں 7 روپے فی کلو، انڈیگو آفسیٹ میں 20 روپے فی کلو، جاپانی آفسیٹ میں 7 روپے فی کلو، مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ میں 5 روپے فی کلو اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز میں بھی اضافہ دیکھنے میں آیا۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا میں 25 روپے فی پیکٹ کمی دیکھی گئی۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپرو پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز 120، 150 اور 180 گرام، 280 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو، تمام سائز 210، 230، 235 اور 265 گرام، 300 روپے سے بڑھ کر 325 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ وائٹ گولڈ تمام سائز 250 اور 300 گرام، 125 روپے سے بڑھ کر 130 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بور کلاسک تمام سائز 250 اور 300 گرام، 137 روپے سے بڑھ کر 141 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی۔ سنر جی مل تمام سائز 250 گرام، 162 روپے سے بڑھ کر 170 روپے، تمام سائز 290 گرام، 160 روپے سے بڑھ کر 170 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 260 روپے سے بڑھ کر 265 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 253 روپے سے بڑھ کر 260 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آفسیٹ پیپر انڈیگو انڈونیشیا تمام سائز 60 گرام، 245 روپے سے بڑھ کر 265 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آفسیٹ پیپر جاپان کنماری، 23x36 سائز، 70 گرام، 258 روپے سے بڑھ کر 265 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر ڈبل اے برانڈ تمام سائز 63 اور 68 گرام، 152 روپے سے بڑھ کر 157 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا، پی پی سی براؤن 70 گرام، 635 روپے سے بڑھ کر 640 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی F4B۔70 گرام، 730 روپے سے بڑھ کر 735 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام، 730 روپے سے بڑھ کر 740 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 640 روپے سے بڑھ کر 645 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13۔70 گرام، 730 روپے سے بڑھ کر 740 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A۔13 .5۔70 گرام، 740 روپے سے بڑھ کر 755 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آریا 70 گرام، 610 روپے سے بڑھ کر 620 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر ون 70 گرام، 665 روپے سے بڑھ کر 670 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر ون، A4 سائز 80 گرام، 770 روپے سے بڑھ کر 775 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر ون A3 سائز، 70 گرام، 1060 روپے سے بڑھ کر 1370 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پیپر ون A3 سائز، 80 گرام، 1320 روپے سے بڑھ کر 1570 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ BMO، (F4-13)، 70 گرام، 630 روپے سے بڑھ کر 720 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ایکان کاپی 80 گرام، 630 روپے سے بڑھ کر 670 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2725 روپے سے کم ہو کر 2700 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

# ایف بی آر پراپرٹی ویلیوایشن، رہائشی علاقوں میں 8 تا 13 فیصد ریلیف کا امکان

کراچی (نیوز ڈیسک) ایف بی آر کی نئی پراپرٹی ویلیوایشن میں اکثریتی رہائشی علاقوں میں 8 تا 13 فیصد ریلیف ملنے کا امکان ہے۔ اطلاعات کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے ملک کے 38 شہروں کے لئے پراپرٹی کی نئی ویلیوایشن تیار کرلی گئی ہے۔ ہر شہر کے کمرشل علاقوں کی ویلیوایشن میں 3 تا 7 فیصد ردوبدل کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ گزشتہ ویلیوایشن پر اعتراضات کے بعد صرف اکثریتی رہائشی علاقوں میں 8 تا 13 فیصد ریلیف ملنے کا امکان ہے۔ پوش علاقوں کے کمرشل ایریاز کی عمارتوں اور پلاٹوں کی ویلیو میں فرق 4 فیصد سے زیادہ نہیں ہوگا۔ پلاٹوں، گھروں، کمرشل عمارتوں اور فلیٹوں کی نئی مارکیٹ ویلیو ہر شہر میں مختلف ہوگی۔

# جولائی۔جنوری میں 262 ارب زائد ٹیکس ریونیو جمع ہوا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر نے رواں مالی سال کے پہلے سات ماہ (جولائی تا جنوری) کے دوران ٹیکس ریونیو ہدف 3090 ارب روپے کے مقابلے میں 3392 ارب روپے کا نیٹ ریونیو جمع کیا اور اس طرح سات ماہ میں 262 ارب روپے کا زائد ریونیو جمع کیا اور ٹیکس ریونیو میں، گزشتہ برس کے مقابلے میں 30.4 فیصد گروتھ ہوئی ہے، گزشتہ برس کے اس عرصے کے دوران ایف بی آر نے 2571 ارب روپے ٹیکس ریونیو جمع کیا تھا، ایف بی آر کے مطابق ایف بی آر نے ماہ جنوری میں بھی ٹیکس ریونیو میں 17.2 فیصد گروتھ دی اور ٹیکس ریونیو ہدف 367 ارب روپے کے مقابلے میں 430 ارب روپے ٹیکس ریونیو جمع کیا تھا، ماہ جنوری کے آخری دن کے اختتام تک اور بک ایڈجسٹمنٹ کی مد میں حاصل ہونے والی وصولیوں کے بعد ٹیکس ریونیو میں مزید اضافہ متوقع ہے۔


**CARBONLESS**
WHITE & COLOUR
*24 X 34   23 X 36*

**CB + CFB + CF CARD**

**Colour Cards**

**COPY PAPER A4**

**CHAND TRADERS**

**Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411**

**Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com**





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# آئندہ بجٹ کیلئے 28 فروری تک تجاویز طلب

کراچی (بزنس ڈیسک) وزارت تجارت اور خزانہ نے تمام ڈویژنز، محکموں، اداروں، تاجر تنظیموں اور نجی شعبے سمیت دیگر اسٹیک ہولڈرز سے کہا ہے کہ وہ بالترتیب 28 فروری اور 15 مارچ تک اپنی بجٹ تجاویز پیش کریں تاکہ مالی سال 23-2022 کے وفاقی بجٹ کو مئی کے تیسرے ہفتے تک حتمی شکل دی جا سکے۔ رپورٹ کے مطابق دونوں وزارتوں نے علیحدہ علیحدہ یادداشتوں میں اسٹیک ہولڈرز سے کہا ہے کہ وہ اپنی بجٹ تجاویز پیش کرتے ہوئے موجودہ تجارتی پالیسی اور آئندہ سال کے لیے مصنوعات اور اخراجات کے تخمینے میں تبدیلیاں معیاری طریقہ کار کے مطابق تجویز کریں۔ مالی سال 23-2022 کے لیے بجٹ تجاویز طلب کرتے ہوئے وزارت تجارت نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر)، وزارت صنعت و پیداوار، نیشنل ٹیرف کمیشن، انجینئرنگ ڈیولپمنٹ بورڈ، تمام علاقائی چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری، بزنس کونسلز، اسٹاک ایکسچینج، ریٹیلرز، ٹیکس بار ایسوسی ایشنز اور ٹیکس ایڈوائزرز سے کہا کہ اپنی بجٹ تجاویز ٹیرف پالیسی ونگ کو 28 فروری تک جمع کرائیں۔ وزارت تجارت نے کہا کہ تمام اسٹیک ہولڈرز کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنی سفارشات ایکسل شیٹ کے فارمیٹ میں فراہم کریں تاکہ وزارت کے تجارتی پالیسی سینٹر/ ٹیرف پالیسی ونگ کو ہر ایک تجویز پر مناسب طریقے سے کارروائی اور جانچ کرنے میں سہولت ہو۔ ان سے یہ بھی کہا گیا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ موجودہ کسٹم ٹیرف ریٹس اگلے سال کے بجٹ کی تجاویز پیش کرنے سے پہلے متعلقہ حلقوں سے بغور مطالعہ، مشاورت اور جانچ کروائے جائیں۔ ساتھ ہی انہیں یہ بھی کہا گیا کہ آئندہ برس کے لیے بجٹ تجاویز تیار کرنے سے پہلے اس بات کو یقینی بنائیں کہ متعلقہ حلقوں کے ذریعے موجودہ کسٹم ٹیرف، ریٹس کا محتاط طریقے سے جائزہ لیا گیا ہو۔ میمورنڈم میں کہا گیا کہ ضرورت کے تحت ان تجاویز کی تائید کے لیے اعداد و شمار کی مدد لی جاسکتی ہے تاکہ کسی کمی کی وجہ سے انہیں ضائع نہ کرنا پڑے۔ اپنی تیار مصنوعات پر ٹیرف کے تحفظ یا خام مال پر رعایت طلب کرنے والے مقامی مینوفیکچررز کو فارمیٹ کی مطلوبہ ضرورت کے مطابق مکمل ڈیٹا فراہم کرنے کا کہا گیا ہے۔ بجٹ کیلنڈر کے مطابق مارچ کے چوتھے ہفتے میں وزارت خزانہ بجٹ جائزہ اجلاس منعقد کرے گی اور 15 اپریل تک بجٹ اسٹریٹجی پیپر (بی ایس پی 2022/23) کو حتمی شکل دے گی۔ پبلک فنانس مینجمنٹ ایکٹ 2019 کے تحت تمام وزارتوں، ڈویژنوں اور ان سے منسلک محکموں اور ماتحت دفاتر کو گرانٹس، اسائنمنٹ اکاؤنٹس یا 'گرانٹ ان ایڈ' میں بجٹ کے تمام متوقع تخمینے 31 مئی تک فنانس ڈویژن کے سپرد کرنا ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تمام ترقیاتی منصوبے پلاننگ ڈویژن کی طرف سے بیان کردہ کارروائی، طریقہ کار اور ٹیمپلیٹس کے مطابق تیار کیے جائیں گے اور انہیں تکنیکی منظوری کے عمل سے مشروط کیا جائے گا۔

## متحدہ عرب امارات میں جون 2023 سے کاروباری منافع پر 9 فیصد ٹیکس عائد ہوگا

دبئی (انٹرنیشنل نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات کی وزارت خزانہ نے یکم جون 2023 سے کاروباری منافع پر 9 فیصد وفاقی ٹیکس عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ متحدہ عرب امارات کی خبر رساں ایجنسی 'وام' کے مطابق امارات نے کمپنیوں پر ٹیکس پالیسی دنیا میں رائج بہترین ضوابط کے تحت تیار کی ہے۔ ٹیکس میں استثنیٰ پالیسی بھی نافذ ہوگی اور محدود دائرے میں ترامیم بھی ہوں گی۔ بیان میں کہا گیا کہ کمپنی ٹیکس تمام تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں پر لاگو ہوگا۔ اس سے قدرتی وسائل نکالنے والی سرگرمیاں مستثنیٰ ہوں گی اور وہ ریاست کی سطح پر رائج کمپنی ٹیکس کے ماتحت ہوں گی۔ وزارت خزانہ نے بیان میں مزید کہا کہ تین لاکھ 75 ہزار درہم سے زیادہ منافع پر ٹیکس لاگو ہوگا، اس سے کم پر کوئی ٹیکس نہیں لیا جائے گا۔ ملازمت سے ہونے والی ذاتی آمدنی پر کمپنی ٹیکس لاگو نہیں ہوگا اسی طرح غیر منقولہ جائیدادوں کے کاروبار یا دیگر سرمایہ کاریوں سے ہونے والی ذاتی آمدنی پر بھی ٹیکس نہیں لیا جائے گا۔ وزارت خزانہ کا کہنا تھا کہ متحدہ عرب امارات ملکی و بین الاقوامی کاروبار کا حجم بڑھانے میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ کمپنی ٹیکس مسابقتی درجے کا ہے۔ وزارت خزانہ کا مزید کہنا تھا کہ حکومت کمپنی ٹیکس مقرر کر کے ٹیکس نظام میں بین الاقوامی شفافیت کی پابند رہے گی اور نقصان پہنچانے والی ٹیکس سرگرمیوں کو روکا جائے گا۔ اس حوالے سے امارات میں کمپنی ٹیکس نافذ کرنے کے لیے تمام فریقوں کو تیاری کا مناسب وقت دیا جائے گا۔

## ایکسپورٹرز کو 120 دن میں رقوم مستند بینکنگ چینل سے لازمی منتقل کرنا ہوگی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) پاکستان نے فیٹف کی ہدایت پر منی لانڈرنگ کیخلاف اقدامات مزید تیز کر دیئے، ایف اے ٹی ایف کی گرے لسٹ سے نکلنے کیلئے پاکستان کی طرف سے ایک اور شرط پوری، وزارت خزانہ نے ایکسپورٹ کی رقم 180 کی بجائے 120 دن میں پاکستان منتقل کرنا لازمی قرار دیدیا، رقم مستند بنکنگ ذرائع سے منتقل کرنا ہوگی۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق ملک سے برآمد پر رقم کی منتقلی کی مدت محدود کردی گئی۔ اب ایکسپورٹ کی رقم 180 دن کی بجائے 120 دن میں پاکستان منتقل کرنا ہوگی۔ رقم مستند بنکنگ ذرائع سے منتقل کرنا بھی لازم ہوگی۔ حکومت کی جانب سے رقم کی منتقلی کا ریکارڈ طلب کرنے پر پیش کرنا ہوگا۔ برآمدات سے حاصل ہونے والی رقم کی منتقلی میں تاخیر کو روکنے کا مقصد مجرمانہ سرگرمی میں اس کا استعمال روکنا ہے۔ ایف آے ٹی ایف نے گزشتہ اجلاس میں پاکستان کو منی لانڈرنگ کی روک تھام کیلئے مزید اقدامات کرنے کی ہدایت کی تھی۔

## کراچی: 338 دکانیں پوائنٹ آف سیل سسٹم سے منسلک

کراچی (بزنس ڈیسک) تجارتی مراکز میں تاجروں کی جانب سے مزاحمت کے باوجود ایف بی آر کی زونز کی بنیاد پر تشکیل شدہ خصوصی ٹیموں کو مختلف مارکیٹوں میں نشاندہی شدہ دکانوں کو پوائنٹ آف سیل سسٹم سے منسلک کرنے کی مہم میں بتدریج کامیابی حاصل ہورہی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ ایف بی آر کراچی کی ٹیمیں 338 دکانوں کو پی او ایس سسٹم سے منسلک کرنے میں کامیاب ہو چکی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پوائنٹ آف سیل (پی او ایس) سے منسلک 292 شاپس کی جانب سے ایف بی آر کے سسٹم میں ڈیٹا کی شیئرنگ شروع ہوگئی ہے جبکہ پی او ایس سے منسلک 46 شاپس کی جانب سے ڈیٹا سسٹم میں شیئر نہیں ہو رہا۔ ذرائع نے بتایا کہ ریجنل ٹیکس آفس ون میں بدھ 26 جنوری 2022 کو 5 مزید شاپس کو پی او ایس سسٹم سے منسلک کیا گیا ہے۔ زون ون میں جنید کولیسی اور الکرم میڈیکل جنرل اسٹور کو پی او ایس سے منسلک کیا گیا ہے جبکہ زون ٹو میں دی اسپورٹس اسٹور اور لیومیکس لائٹنگ اور زون تھری میں ونگ اینڈ لنکس کو پی او ایس سسٹم سے منسلک کیا گیا ہے۔

## اِن پٹ ٹیکس کا مسئلہ جلد حل کر دیا جائیگا' ایف بی آر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیصل آباد ٹریڈرز ایسوسی ایشن کی چیئرمین ایف بی آر ڈاکٹر محمد اشفاق احمد اور انکی ٹیم کے ساتھ سودمند مذاکرات ہوئے۔ مذاکرات میں تاجروں کی طرف سے سپر مارکیٹ ایسوسی ایشن فیصل آباد کے وفد نے ایف بی آر ہیڈکوارٹرز اسلام آباد کے چیئرمین ایف بی آر/سیکرٹری ریونیو ڈویژن ڈاکٹر محمد اشفاق احمد اور فرخ حبیب وزیر مملکت برائے اطلاعات و نشریات کی صدارت میں تفصیلی مسائل اور انکے حل کی تجاویز اور سفارشات پر گہرائی میں جا کر گفتگو ہوئی۔ اس دوران پوائنٹ آف سیلز سے متعلق مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر سپر مارکیٹ ایسوسی ایشن فیصل آباد شاہد ممتاز باجوہ نے شرکاء کو بتایا کہ اُنکے تمام 40 ممبران ایف بی آر پی او ایس سسٹم کے ساتھ منسلک ہو چکے ہیں، جسے چیئرمین ایف بی آر کی جانب سے سراہا گیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## کارڈیو ویسکولر انسٹیٹیوٹ کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 10-2021
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 22 فروری 2022ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹ ڈپارٹمنٹ،
رفیقی (ایچ جے) شہید روڈ، کراچی۔
فون: 021-99201271EXT:333

## پاکستان نیوی کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/2022
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 فروری 2022ء
برائے رابطہ: اسٹور آفس، پی این ایس بہادر،
نیشنل اسٹیڈیم روڈ، کراچی۔
فون: 021-48503353

## PITAC کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 427/2022
پیپر، پی پی سی برانڈ۔ اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 فروری 2022ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، پاکستان انڈسٹریل ٹیکنیکل اسسٹینس سینٹر، فیروز پور روڈ، لاہور۔
فون: 042-99230702-99230699

## اسٹیٹ لائف کے پرنٹنگ و اسٹیشنری کے ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: P&GS/SUK/02/2022
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 فروری 2022ء
برائے رابطہ: سیکریٹری، زونل پرکیورمنٹ کمیٹی، پی اینڈ جی ایس ڈپارٹمنٹ، گراؤنڈ فلور، مینارہ روڈ، سکھر۔
فون: 071-9310506
ٹینڈر حوالہ نمبر: SLIC/HYD/P&GS/01/2021
اسٹیشنری کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 مارچ 2022ء
برائے رابطہ: سیکریٹری زونل، پروکیورمنٹ کمیٹی، پی اینڈ جی ایس، ٹھنڈی سڑک، حیدرآباد۔
فون: 022-9200128-9201282

## اقبال اکیڈمی پاکستان کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: IAP/Admin-01(02)2022
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 فروری 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر آفس، 6th فلور، ایوان اقبال کمپلیکس، ایگرٹن روڈ، لاہور۔
فون: 042-99203573/36314510

# کاروباری مواقع
# TENDERS

## کنٹرولر پرنٹنگ اینڈ اسٹیشنری کا پیپر و کارڈ کا ٹینڈر

مختلف اقسام کے پیپرز و کارڈز کی بڑی تعداد میں فراہمی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 فروری 2022ء
برائے رابطہ: کیشئر آف کنٹرولر آفس،
نصیر الدین روڈ، اسلام پورہ، لاہور۔
فون: 042-99212071/99212041

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کا لفافوں کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 713/13/2021
مختلف سائز کے براؤن اور وائٹ لفافے
تعداد: 55000 عدد
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 17 فروری 2022ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر، پروکیورمنٹ اینڈ انوینٹری کنٹرول، علامہ اقبال روڈ، فیصل آباد۔
فون: 041-9201468

## سوشل پروٹیکشن اتھارٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 فروری 2022ء
برائے رابطہ: جنرل منیجر کمیونی کیشن آفس، 79-78 بلاک-D، نیو مسلم ٹاؤن، لاہور۔
فون: 042-99232359-60

## یونیورسٹی آف ایجوکیشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: UE/Tender/2021-22/07
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 14 فروری 2022ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس آفس، کیمپس، فیصل آباد۔
فون: 041-9330650

## اسٹیٹ لائف کے پرنٹنگ و اسٹیشنری کے ٹینڈرز

ٹینڈر حوالہ نمبر: P&GS/H&AI/LHR/1/2022
مختلف آئٹمز کی پرنٹنگ
ٹینڈر حوالہ نمبر: P&GS/H&AI/LHR/2/2022
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈرز کلوزنگ کی تاریخ: 4 فروری 2022ء
برائے رابطہ: انچارج، پرسونل اینڈ جنرل سروسز، انشورنس زون، اسٹیٹ لائف بلڈنگ، A-15، ڈیوس روڈ، لاہور۔
فون: 042-99206216

## CTD پنجاب کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 فروری 2022ء
برائے رابطہ: CTD ہیڈ کوارٹر، جیلو پارک، لاہور۔
فون: 042-9950757

## NAB کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 فروری 2022ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ) آفس، نیشنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو، پی آر سی ایس بلڈنگ، 197/5، ڈاکٹر داؤد پوتا روڈ، کراچی۔ فون: 021-99207975

## PASSCO کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

